نیوز ریلیز

کمزور قوتِ مدافعت والے البرٹنز چوتھے حفاظتی ٹیکے کیلئے اہل ہیں

18 جنوری، 2022ء

80,000 سے زائد البرٹنز جلد ہی قوتِ مدافعت کو بڑھانے کیلئے کووِڈ-19 ویکسین کی چوتھی خوراک حاصل کرنے کے قابل ہو جائیں گے۔

نیشنل ایڈوائزری کمیٹی آن امیونائزیشن (این اے سی آئی) اور البرٹا ایڈوائزری کمیٹی آن امیونائزیشن (اے اے سی آئی) کی سفارشات کے مطابق، 18 سال اور سے زائد عمر کے وہ افراد جن کی مخصوص امیونوکمپرومائزنگ حالتیں ہیں وہ اپنا تیسرا حفاظتی ٹیکہ لگوانے کے پانچ ماہ بعد بُوسٹر لگوا سکتے ہیں۔

20 جنوری سے، اہل افراد البرٹا ویکسین بکنگ سسٹم کو استعمال کرکے یا 811 پر کال کرکے اے ایچ ایس اور حصہ لینے والی فارمیسیوں کے ساتھ چوتھی خوراک کیلئے آن لائن اپوائنٹمینٹ بک کروا سکتے ہیں۔

اہلیت کی شرائط

امیونوکمپرومائزنگ حالتیں جو 18 سال یا اس سے زائد عمر کے بالغ افراد کو تیسری خوراک کے کم ازکم پانچ ماہ بعد چوتھی خوراک کیلئے اہل بناتے ہیں ان میں مندرجہ ذیل شامل ہیں:

- ٹرانسپلانٹ وصول کنندگان، بشمول ٹھوس اعضاء کی پیوند کاری اور ہیماٹو پوئیٹک اسٹیم سیل ٹرانسپلانٹس۔
- فعال علاج کروانے یا حاصل کرنے سے پہلے مہلک ہیماٹالوجک عوارض اور غیر ہیماٹالوجک مہلک ٹھوس ٹیومر والے افراد (کیموتھراپی، ٹارگٹڈ تھراپیز، امیونو تھراپی یا فعال علاج کے دوران سابقہ کووِڈ-19 ویکسین لگوا چکے ہیں)، ان افراد کو چھوڑ کر جو مکمل طور پر ہارمونل تھراپی، ریڈی ایشن تھراپی کرواتے ہیں۔ یا ایک جراحی مداخلت والے۔
- ایسے افراد جن کا علاج اینٹی سی ڈی 20 مونوکلونل اینٹی باڈی جیسے کہ رٹکسی میب (Rituximab) سے کیا جا رہا ہے۔
- ڈائیلاسز پر گردوں کی دائمی بیماری والے افراد۔
- چیمیرک اینٹی جین ریسیپٹر (سی اے آر)- ٹی - سیل تھراپی۔
- اعتدال سے شدید پرائمری کمزور قوتِ مدافعت والے افراد (مثلاً، ڈی جارج سنڈروم، وسکوٹ-آلڈرچ سنڈروم)۔
- اسٹیج 3 یا ایڈوانس ایچ آئی وی انفیکشن والے افراد اور کووِڈ-19 کی امیونائزیشن والے افراد۔
- وہ افراد جو مدافعتی علاج سے گزر رہے ہیں (مثال کے طور پر، اینٹی بی سیل تھراپیز، اعلٰی خوراک والے سیسٹیمک کورٹیکوسٹیرائڈز، الکائیلیٹنگ ایجنٹس، اینٹی میٹابولائٹس، یا ٹیومرنیکروسس فیکٹر (ٹی این ایف) روکنے والے اور دیگر حیاتیاتی ایجنٹس)۔
- آٹو امیون قوتِ مدافعت کی بیماریوں کیلئے مخصوص ادویات لینے والے افراد، بشمول رٹکسی میب، اوکری لائزومیب، آفاٹیومیو میب۔

سابقہ حالتوں کے ساتھ 12 سے 17 سال کی عمر کے نوجوان تیسری خوراک کے اہل ہیں۔ اس عمر کے گروپ کیلئے چوتھی خوراک ابھی تک منظور نہیں ہوئی ہے۔

تیسری خوراکیں 18 سال سے کم عمر کے نوجوانوں کیلئے منظور نہیں کی گئیں۔

اضافی خوراکوں کیلئے اپوائنٹمینٹس

اہل البرٹنز alberta.ca/vaccine پرون اسٹاپ بکنگ سسٹم کو استعمال کرکے اے ایچ ایس یا حصہ لینے والی فارمیسیوں کیلئے آن لائن اپوائنٹمینٹ بک کروا سکتے ہیں۔ البرٹنز 811 پرکال کرکے یا حصہ لینے والی فارمیسیوں میں بھی اپوائنٹمینٹ کا وقت بک کروا سکتے ہیں۔

شیڈول اور مقامات کیلئے، ahs.ca/vaccine پر جائیں۔

متعلقہ معلومات

- اپنی کووِڈ-19 ویکسین کیلئے اپوائنٹمینٹ بک کروائیں

میڈیا انکوائریز

اسٹیو بیوئیک (Steve Buick)

780-288-1735

سینئر پریس سیکریٹری، ہیلتھ

Classification: Public